لا فتیٰ الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۱۳	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲ جمادی الثانی سنہ ۱۳۳۵ھ مطابق ۲۶ مارچ سنہ ۱۹۱۷ء	جلد ۲۹

فہرست مضامین

حکم اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۱۳ مارچ سنہ ۱۹۱۷ء

نمبر عرضداشت دیوان صدر مشمولہ کاغذات عرضی لالہ دھرم کیرتی سرن اہلکار انجنی بدیں خلاصہ کہ ساہو نندلال شرر اہلکار انجنی کارکن دکان بحکم سرکار دو لمتدار رہتے۔ اب بحکم ۲۴ دسمبر سنہ ۱۹۱۶ء فدوی بھی بشمول نندلال سرن خستہ انجنی وکارکن مقرر فرمایا گیا ہے۔ چونکہ دستاویزات صرف ابھی

ساہو نند لال خزانچی تحریر ہوتی رہی ہیں۔ اسوجہ سے ارجاع نالشات بشمول نام فدوی عدالت ہائے ماتحت کو موقع اعتراض کا ہوگا۔ اسواسطے اجرا ر احکام فرمایا جاوے کہ جملہ کارروائی ہائے عدالتی میں نام فدوی بشمول نام لالہ نند لال سرن قبول فرمایا کریں۔ کوئی عذر سارٹیفکیٹ وغیرہ درمیان میں نہ لادیں۔

حکم ہوا کہ

دستاویزات موسومہ لالہ نند لال سرن متعلقہ دکان خزانچی میں کارروائی لالہ دھرم کیرتی سرن کی جنکا نام کارکنی دکان میں قائم ہوگیا ہے۔ عدالتوں میں مقبول و منظور ہونا چاہیے۔ عدالتوں کو عذر سارٹیفکیٹ نکرنا چاہیے۔ احکام جاری ہوں۔ اور نقل حکم برائے درج گزٹ مرسل ہو۔

دستخط صاحب چیف سکرٹری بہادر

ملخص احکام اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

اضافہ

۱۰ مارچ سنہ ۱۹۱۷ء

حکیم عبدالرشید خاں کی تنخواہ میں پچاس روپیہ ماہوار اضافہ فرمایا گیا۔

اضافہ

۲۲ مارچ سنہ ۱۹۱۷ء

حسب سفارش کرنل صاحب بالقابہ ملٹری اور انفنٹری فورسیز اسد علیخاں کلارک انگریزی شعبہ دفتر فوجی مشاہرہ دار پچیس روپیہ ماہوار کی تنخواہ میں دس روپیہ ماہوار کا اضافہ منظور فرمایا گیا۔

روبکار اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

واقع ۲۴ مارچ سنہ ۱۹۱۷ء

مسٹر وہٹ برن موٹر انجنیر ملازمت ریاست سے مستعفی ہوکر ۱۵ مارچ سنہ ۱۹۱۷ء کو چلے گئے۔ ان کی بجائے مسٹر اے سی سوتر کو بمشاہرہ تین سو ساٹھ روپیہ ماہوار انھیں شرائط پر جنپر مسٹر وہٹ برن ملازم تھے بانتخاب صاحب پرائیوٹ سکرٹری بہادر ۱۶ مارچ سنہ ۱۹۱۷ء سے مقرر کیا جاتا ہے۔ لہذا

حکم ہوا کہ

احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب چیف سکرٹری بہادر

مطبع ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدائے ۱۹ لغایت ۲۵ مارچ سنہ ۱۹۱۷ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۷ مار			۷۰ مار	۷۰ مار	۷۰ مار	
نخود خالص	۹۰ مار			۱۰۱ مار	۱۰۱ مار	۹ مار	
نخود کہ آمیز	۱۰۱۰ مار			۱۰۱۰ مار	۱۱ مار	۱۰ مار	
کسہ	۱۳ مار			۱۱ مار	۱۱۰ مار	۱۰۱۰ مار	
ماش	۸ مار			۷۰ مار	۷۰ مار	۸ مار	
مونگ	۸ مار			۰	۷ مار	[illegible]	
مکا	۱۱ مار			۱۰ مار	۱۳ مار	۱۰۱۲ مار	
جئی	۱۳ مار			۱۴ مار	۱۲ مار	۱۴ مار	
گوجئی	۰			۰	۱۱ مار	۰	
عدس	۷ مار			۰	۵	۰	
ارہر	۱۰ مار			۰	۹ مار	۰	
برنج	۶۰ مار			۸ مار	۸ مار	۸ مار	
روغن زرد	۰ مار			۰ مار	۰ مار	۰ مار	
روغن سیاہ	۲ مار			۲ مار	۲ مار	۲ مار	
روغن کنجد	۲ مار			۱ مار	۱۰ مار	۲ مار	
نمک سانبھر	۱۰ مار			۱۱ مار	۱۱ مار	۱۳ مار	
نمک لاہوری	۸ مار			۸ مار	۹ مار	۹ مار	
قند سیاہ	۵۰ مار			۵ مار	۴ مار	۴ مار	
باجرہ	۱۰			۰	۱۰ مار	۰	

مطبوعہ پریس ریاست رامپور